StudentBounty.com

# ''اُردو''

طلبہ کو ''بہارستانِ اُردو'' کی بارھویں کتاب میں شامل نثری اسباق اور منظومات کا مطالعہ کرنا ہوگا۔

امتحان میں شاملِ کتاب نثری اسباق کے حوالے سے ۲۵ نمبرات کے سوالات پوچھے جائیں گے جب کہ منظومات کے حوالے سے بھی ۲۵ نمبرات کے سوالات پوچھے جائیں گے۔

طلبہ کی تحریری اور تخلیقی صلاحیتوں کو جانچنے کے لیے ۲۵ نمبرات کے سوالات پوچھے جائیں گے جب کہ تاریخ ادب اُردو اور Objective نوعیت کے سوالات کے لیے ۲۵ نمبرات مختص ہوں گے۔

امتحانی پرچہ چار حصوں پر مشتمل ہوگا۔ ہر حصے کے خدوخال کچھ اس طرح ہوں گے۔

## حصہ الف_____نثر

(۱) نثری اسباق سے لئے گئے دو مختصر اقتباسات میں سے مضمون اور مصنف کا حوالہ دے کر ایک کی تشریح کرنا۔ (۵ نمبرات)

(۲) نثری اسباق سے لیے گئے دو اقتباسات میں سے کسی ایک کے بارے میں پوچھے گئے تین سوالات کا مختصر جواب لکھنا۔ (۲+۲+۲=۶ نمبرات)

(۳) دیئے گئے دو اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ یا تنقیدی جائزہ تحریر کرنا۔ (۵ نمبرات)

(۴) اسباق کے آخر پر دیئے گئے سوالات میں سے چار منتخب سوالات میں سے دو کا مختصر جواب لکھنا۔ (۲+۲=۴ نمبرات)

(۵) نصابی کتاب میں شامل تین نثر نگاروں میں سے کسی ایک کے حالات زندگی اور ادبی کارناموں پر روشنی ڈالنا۔

یا

شاملِ کتاب دو نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھنا۔ (۵ نمبرات)

## حصہ ب_____شاعری

(۱) نصابی کتاب میں شامل غزلیات سے لئے گئے چھ اشعار میں سے تین اشعار کی بحوالۂ شاعر تشریح کرنا۔

یا

اصنافِ شعر (ماسوائے غزلیات) سے دیئے گئے دو شعری اجزاء میں سے کسی ایک کا مفہوم بحوالۂ شاعر و عنوان تحریر کرنا۔ (۶ نمبرات)

(۲) نصاب میں شامل شعراء میں سے کسی ایک کے حالات زندگی یا شاعرانہ خصوصیات قلمبند کرنا۔ (۵ نمبرات)

(۳) شاملِ نصاب نظموں سے دی گئی دو نظموں میں سے کسی ایک کا خلاصہ تحریر کرنا۔ (۴ نمبرات)

(۴) تین شعری اصناف میں سے کسی ایک شعری صنف پر نوٹ لکھنا۔ (۴ نمبرات)

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

(۵) دی گئی چار شعری اصطلاحات میں سے دو کی تعریف کرنا اور مثالیں دینا (مطلع، قافیہ، تشبیہہ، حسن تعلیل، تلمیح، صنعت تجنیس)

یا

منظومات کے آخر پر دینے گئے چار مختصر سوالات میں سے دو کا جواب تحریر کرنا۔(۶ نمبرات)

## حصہ ج_______ تخلیقی کام

(۱) دینے گئے پانچ غیر روایتی عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون تحریر کرنا۔(۱۰ نمبرات)

(۲) خط یا درخواست لکھنا (تین میں سے ایک) (۸ نمبرات)

(۳) کسی واقعہ کی اخباری رپورٹ یا کوئی تشہیری پیغام یا کسی جلسے کی کاروائی تحریر کرنا۔(۷ نمبرات)

## حصہ د_____ اُردو ادب کی تاریخ سے متعلق سوالات اور Objective سوالات

**(i)** (پوچھے گئے ۴ سوالات میں سے دو کے جوابات)

(۱) علی گڑھ تحریک

(۲) ترقی پسند تحریک

(۳) اُردو زبان کا آغاز وارتقاء

(۴) دبستان دِلی یا دبستان لکھنؤ کی ادبی اہمیت۔(۷ ۱/۲ + ۷ ۱/۲ = ۱۵ نمبرات)

**(ii)** Objective طرز کے دس سوالات

نصاب میں شامل نثری اسباق، شعری مشمولات اور تاریخِ ادب اور گرامر پر مبنی دس Objective سوالات۔(۱×۱۰=۱۰ نمبرات)

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers